© rasailojaraid.com





# حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

- **کتاب: دروسِ ختم نبوت (یعنی ختم نبوت کورس)**

مصنف مولانا محمد سیف الرحمٰن قاسم		ضخامت: ۶۴۰ صفحات		قیمت: درج نہیں

ناشر و ملنے کا پتہ: جامعۃ الطیبات للبنات الصالحات، محلّہ کنور گڑھ، گلی نمبر ۴، کالج روڈ، گوجرانوالہ۔ 0333-8150875

عقیدۂ ختم نبوت، اسلام کے بنیادی عقائد میں سے ہے۔ جو قرآنِ کریم کی ایک سو آیات اور دو سو احادیث نبوی کی نصوص قطعیہ سے ثابت ہے۔ حضور خاتم النبیین سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کے آخری دنوں میں انکارِ ختم نبوت کا فتنہ اٹھا تو صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر جہادِ یمامہ میں اس فتنے کا سر کچل دیا۔ مسیلمہ کذاب اور اس کا مرتد لشکر قتل ہوا۔ قریباً تیرہ سو صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے اس جہاد میں جام شہادت نوش کر کے قطعی فیصلہ دے دیا کہ انکارِ ختم نبوت کفر اور ارتداد ہے۔

مرزا قادیانی اور اس کی ذریت البغایا مسیلمہ کذاب ہی کے ارتداد کا تسلسل ہے۔ قادیانی گروہ دھوکہ دے کر مسلمانوں کا لیبل لگا کر انہیں گمراہ کرتا ہے علماءِ حق نے فتنۂ قادیانیت کے آغاز سے لے کر آج تک علمی اور عملی میدان میں اس کا تعاقب کیا ہے۔

مولانا محمد سیف الرحمٰن قاسم، مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ اور جامعہ ام القریٰ مکہ مکرمہ کے فاضل اور علمی و تحقیقی ذوق سے مالا مال ہیں۔ ہمارے دینی مدارس کے طلباء کو شعبان، رمضان کی تعطیلات میں مذاہب کے تقابلی مطالعہ اور اسلام کے نام پر اُٹھنے والے فتنوں کے حوالے سے مختلف کورسز کرائے جاتے ہیں۔ یہ کورسز عموماً طلباء کے لیے ہوتے ہیں۔ اللہ بھلا کرے مولانا سیف الرحمٰن قاسم کا جنہوں نے طالبات کے لیے ختم نبوت کورس مرتب فرمایا۔ یہ دراصل ان کے وہ دروس ہیں جو انہوں نے طالبات کے لیے تحریر کیے اور انہیں پڑھائے۔ دس ابواب پر مشتمل یہ دروس، نہایت آسان اور معلومات کا زبردست ذخیرہ ہیں۔ ختم نبوت کورس کے عنوان سے اب تک جتنی کتابیں شائع ہوئی ہیں یہ ان میں منفرد ہے۔ ختم نبوت کے محاذ پر کام کرنے والے کارکنوں اور مبلغین کے لیے بہترین علمی و تحقیقی ذخیرہ ہے۔



© rasailojaraid.com